© rasailojaraid.com



◉ **ثنائیاتِ قرآن و حدیث**، مؤلف: انجینیر عبدالمجید انصاری۔ ناشر: مکتبہ قدوسیہ، رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۷۳۵۱۱۲۴۔ صفحات: ۵۱۹۔ قیمت: ۵۰۰ روپے۔[ان آیات و احادیث کا انتخاب جن میں دو دو باتوں کا ذکر آیا ہے۔ ۶۸۳ عنوانات کے تحت آیات، جب کہ ۲۲۷ عنوانات کے تحت احادیث کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ اس سے قبل مؤلف ثلاثیاتِ قرآن و حدیث، رباعیاتِ قرآن و حدیث اور خماسیاتِ قرآن و حدیث بھی مرتب کر چکے ہیں جن میں تین تین، چار چار اور پانچ پانچ چیزوں کا بیان ہے ___ ایک منفرد مطالعہ قرآن و حدیث۔]

◉ **امثال الحدیث**، مؤلف: قاری محمد دلاور سلفی۔ ناشر: صبحِ روشن پبلشرز، لاہور۔ ملنے کا پتا: مکتبہ اسلامیہ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۳۲۱-۴۲۷۵۷۶۷۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔[نبی اکرمؐ فصیح اللسان تھے۔ آپؐ کی گفتگو اختصار، جامعیت اور اثرانگیزی کا اعلیٰ نمونہ ہوتی۔ تمثیل مؤثر گفتگو کا اہم ذریعہ ہے۔ احادیث میں مثالوں، تشبیہوں اور ضرب الامثال کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ زیرتبصرہ کتاب ایسی ہی احادیث کے انتخاب پر مبنی ہے۔ مؤلف اس سے قبل امثال القرآن بھی مرتب کر چکے ہیں۔ اپنی نوعیت کا منفرد مطالعہ حدیث۔]

◉ **ماہ نامہ ہمدرد نونہال** (خاص نمبر، جون ۲۰۱۱ء)، مدیر: مسعود احمد برکاتی۔ ملنے کا پتا: دفتر ہمدرد نونہال، ہمدرد ڈاک خانہ ناظم آباد نمبر۳، کراچی۔ ۷۴۶۰۰۔ فون: ۰۲۱-۳۶۶۲۰۹۴۵۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۴۰ روپے۔[نونہال بچوں کے لیے پاکیزہ و صحت مند ادب، اسلامی روایات کی پاس داری اور عصری تقاضوں کا فہم جیسے اعلیٰ مقاصد کے لیے ایک عرصے سے کوشاں ہے۔ زیرنظر 'خاص نمبر' بھی اسی روایت کا تسلسل ہے: شہید حکیم سعید کی باتیں، نئے اور پرانے لکھنے والوں کی دل چسپ اور مزیدار کہانیاں، غیرملکی ادب سے انتخاب، نئی نئی معلومات، نظمیں، لطیفے اور مستقل سلسلے ___ ہر خریدار کے لیے ایک خاص تحفہ بھی۔]

◉ **قراردادِ مقاصد** (پاکستان کا اساسی دستور)، مرتبہ: غلام قادر جتوئی ایڈووکیٹ۔ ملنے کا پتا: اسلامک لائرز موومنٹ پاکستان، ۲۰۸- طاہر پلازا، نزد سٹی کورٹس، کراچی۔ صفحات: ۳۰۔ قیمت: درج نہیں۔[۵۷ مسلم ممالک میں کہیں بھی ریاستی دستور اسلامی نہیں ہے۔ دستورِ پاکستان وہ واحد آئینِ مملکت ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو اقتدارِ اعلیٰ مانا گیا ہے۔ موجودہ حالات میں قراردادِ مقاصد پر عمل درآمد کی ضرورت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ یہ کتابچہ افادہ عام کے لیے شائع کیا گیا ہے۔ اگر نواب زادہ لیاقت علی خاں اور مولانا شبیراحمد عثمانی کی تقاریر کے ساتھ ساتھ قراردادِ مقاصد کا متن بھی شائع کر دیا جاتا تو زیادہ مناسب ہوتا۔]

◉ **شیطان سے بچاؤ کی کتاب**، تالیف: حافظ عمران ایوب لاہوری۔ ناشر: فقیہہ الحدیث پبلی کیشنز، لاہور۔ ملنے کا پتا: نعمانی کتب خانہ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۷۶۔ قیمت: درج نہیں۔[کتاب مذکور میں شیطان کے مکروفریب اور طریقہ ہاے واردات سے آگاہ کیا گیا ہے۔ مؤلف نے قرآن و حدیث کی روشنی میں شیطان کا تعارف کروایا ہے اور ایسے وظائف کا ذکر بھی کیا ہے جن کے ذریعے شیطانی حملوں سے بچا جا سکتا ہے، نیز ان ضعیف روایات کا ذکر بھی کیا گیا ہے جو شیطان کے حوالے سے مشہور ہیں۔]

© rasailojaraid.com